0915 (جماعت نہم) وارننگ: اس سوالیہ پرچہ پر اپنے رول نمبر کے سوا اور کچھ نہ لکھیں۔

اردو (لازمی) (انشائیہ) (سکیم 1100 مارکس) سیکنڈری پارٹ (I)

وقت: 2.10 گھنٹے (پہلا گروپ) (سیشن 2012-14 to 2015-17) کل نمبر 60

حصہ ------------------ اول

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا x بندے سے مگر ہوگا کب حق ادا تیرا

(ii) ہے تیرے گلستان میں بھی فصل خزاں کا دور x خالی ہے جیب گل، زر کامل عیار سے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں x جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر x یہی مجھ کو حسرت، یہی آرزو ہے

(حصہ غزل)

(v) چشم دل کھول اس بھی عالم پر x یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(vi) ہمیشہ لکھے وصف دندان یار x قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vii) عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن x دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

حصہ ------------------ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی تحریر کیجئے۔ 10

(الف) انسان بھی، شکل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اس کے دلی قویٰ کی تحریک سست ہوجاتی ہے۔ اور کام میں نہیں لائی جاتی، وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہوجاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔ پس ہر ایک انسان پر لازم ہے کہ اپنے اندرونی قویٰ کو زندہ رکھنے کی کوشش میں رہے اور ان کو بے کار نہ چھوڑے۔

(ب) یہ نہیں کہ چھوٹا چودھری یا اس کے گھر والے مہمان نواز نہ تھے۔ انھیں صرف اس بات کا یقین نہیں تھا کہ ان کی مہمان نوازی ماسٹر جی کو موافق بھی آئے گی یا نہیں بہرحال انھوں نے اپنی تواضع کی ابتدا کی۔ چھوٹا چودھری اور اس کے بڑے بھائی ماسٹر جی کو بصد تعظیم اپنی چوپال میں لے گئے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب دیجئے۔ 10

(i) حضرت اسماءؓ کون تھیں۔

(ii) شریف زادے کی غزل سن کر سودا نے کیا کہا۔

(iii) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا۔

(iv) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا نتیجہ کیا نکلتا ہے۔

(v) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے۔

(vi) طوطی و بلبل کس کا ذکر کرتے ہیں۔

(vii) شعر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں۔

(viii) شاعر "اضطراب" کی حالت میں کیا کرتا ہے۔

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 05

(i) پنچایت (ii) لہو اور قالین

6۔ نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال ------ یا ------ خلاصہ لکھیے 05

7۔ ہیڈ ماسٹر کو اپنی بیماری کی درخواست لکھیں۔ 10

------- یا ------- چھوٹے بھائی کے نام پڑھائی کی طرف توجہ دلانے کے لیے خط لکھیں۔

8۔ "اتفاق کی برکت" کہانی لکھیے ----- یا ----- دو ہم جماعت کے درمیان پڑھائی کے موضوع پر مکالمہ لکھیے۔ 05

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے۔ 05

(i) میرے ابو دفتر سے واپس لوٹ آئے ہیں

(ii) آج ہم نے میچ کھیلنا ہے

(iii) صاحب کا حکم سر ماتھے پر

(iv) عید کے پیچھے خوشی

(v) قاضی کے چوہے بھی پرانے ہوتے ہیں

-------- یا -------- درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

(i) آ ______ مجھے مار

(ii) بوڑھی گھوڑی ______ لگام

(iii) حساب جو جو ______ سو سو

(iv) بلی کے بھاگوں ______ ٹوٹا

(v) جتنی چادر دیکھیے اتنے ______ پھیلایئے

www.ilmkidunya.com